مطبوعات

قرآن کریم اور ایک غلط فہمی کا ازالہ

از خان بہادر حاجی رحیم بخش ایم اے ضخامت ۳۲ صفحات قیمت درج نہیں۔ غالباً حاجی صاحب نے افادۂ عام کی غرض سے شایع کی ہے۔

ملنے کا پتہ:۔ ۱۱ فرید کورٹ روڈ۔ لاہور۔

عام خیال ہے۔ اور جتنا عام ہے۔ اتنا ہی جاہلانہ اور بے بنیاد ہے کہ "قرآن مجید کی موجودہ ترتیب بذریعہ وحی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے عمل میں نہیں آئی"۔ یہ خیال احادیث و آثار سے بے خبری اور فتنہ پردازیوں کی فتنہ پردازیوں نے پیدا کیا اور عام کیا۔ احادیث و آثار سے ثابت ہے اور اس میں کسی شک و شبہ کی مطلق گنجایش نہیں ہے، کہ قرآن حکیم اول سے آخر تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارک میں لکھا اور مرتب کیا جاچکا تھا حتیٰ کہ سورتوں کے نام بھی آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی نے مقرر فرمائے تھے۔ اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو بارہا اعادہ کرتے سماعت فرمایا تھا۔ اور وہی قرآن جو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عہد میں لکھا اور مرتب کیا گیا تھا۔ آج ہمارے ہاتھوں میں ہے۔

اردو میں اس موضوع پر مولانا مفتی عبد اللطیف صاحب رحمانی مونگیری استاذ جامعہ عثمانیہ کی محققانہ کتاب "تاریخ القرآن" پہلی اور بہترین کتاب ہے۔ اور اس جاہلانہ خیال کی قامع ہے۔

جناب حاجی رحیم بخش صاحب نے نئے اسلوب سے، جو ان کے فہم و تدبر پر دلالت کرتا ہے، خود کلام اللہ ہی سے اس جاہلانہ خیال کا رد کیا ہے اور جناب مفتی صاحب سے ایک قدم آگے بڑھ کر یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ قرآن کریم کی ترتیب منجانب اللہ ہے۔

رسائل ادارۂ اصلاح نوجوانان، سیالکوٹ

از پروفیسر حکیم عبد الحمید صاحب سیالکوٹ۔